سبق – 25

حمد

جِس نے بَنائی دُنیا
جِس نے بَسائی دُنیا
گُلشن کِھلائے جِس نے
دَریا بَہائے جِس نے



جِس نے بَنائے سارے
یہ چاند اَور تارے

مُجھ کو بھی زِندگی دی
تُجھ کو بھی زِندگی دی

سارے جَہاں کا مَولا
سارے جَہاں کا داتا

صوفی تبسّم

مشق

1. ان لفظوں کو لکھوائیے

بَنائی	بَنائی					
دُنیا	دُنیا					
دَریا	دَریا					
زِندگی	زِندگی					

2. نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے

داتا	=	
گُلشَن	=	
تارے	=	
جَہاں	=	

3. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے

م	و	ل	ا	= _____
س	ا	ر	ے	= _____
چ	ا	ن	د	= _____
ز	ن	د	گ	ی = _____

4. ان لفظوں کو پڑھوائیے

گُلشَن چانْد تارے دَریا زِندگی مَولا

5. اس نظم کو یاد کرائیے